سوال

(271) نماز کی بدعتیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

١۔ بعض لوگوں کا عقیدہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہما کے حجرہ میں دو رکعت نماز پڑھنا ضروری ہے۔

٢۔ بعض لوگ نماز کا سلام پھیر کر سر پر ہاتھ رکھتے ہیں اور کہتے ہیں یہ سنت ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

١۔ حجرۂ علی رضی اللہ عنہ میں دو رکعت نماز کو واجب سمجھنا غلط عقیدہ ہے، بلکہ یہ انتہائی بری بدعت ہے۔

٢۔ نماز کا سلام پھیر کر سر پر ہاتھ رکھنا سنت نہیں بلکہ یہ نئی ایجاد شدہ بدعت ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ہمارے اس دین میں کام نکالے گا جو اس میں سے نہیں تو وہ ناقابل قبول ہے۔''

وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْقُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ

اللجنة الدائمة، رکن: عبداللہ بن قعود، عبداللہ بن غدیان، نائب صدر: عبدالرزاق عفیفی، صدر: عبدالعزیز بن باز۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ابن باز رحمہ اللہ

جلد دوم - صفحہ 309

محدث فتویٰ